اردو (لازمی)	نہم 2016ء	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	(دوسرا گروپ)	کل نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C'B'A اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- نظم "پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ" میں سبق اندوز ہونے کا کہا گیا:

(a) دشمنوں سے (b) بزرگوں سے
(c) شاخِ بریدہ سے ✓ (d) پھولوں سے

2- عام طور پر بلبل کو دعوت دی جاتی ہے:

(a) گانے کی (b) شور مچانے کی
(c) اُڑنے کی (d) آہ و زاری کی ✓

3- جبلِ ثور کے غار میں آپ ﷺ نے راتیں گزاریں:

(a) دو (b) تین ✓
(c) چار (d) پانچ

4- طالب علم نے کس سے پوچھا کہ یہ پرچہ کس مضمون کا ہے:

(a) گارڈ صاحب سے ✓ (b) نگران صاحب سے
(c) سپرنٹنڈنٹ صاحب سے (d) کسی طالب علم سے

5- سبق "آرام و سکون" میں گھریلو ملازم کا نام تھا:

(a) کلو (b) للو ✓
(c) بلو (d) ٹمو

6- عاقل کا مترادف ہے:

(a) جاہل
(b) بے عقل
(c) دانا ✓
(d) راحت

7- سنت کی جمع ہے:

(a) اسناد
(b) اسفار
(c) سکن
(d) سُنَن ✓

8- دیور کی مؤنث ہے:

(a) دلہن
(b) دیورانی ✓
(c) جیٹھانی
(d) فرنگن

9- زنانہ مکان کے اندر گھسنا معیوب سمجھتے تھے:

(a) اہلِ عرب ✓
(b) اہلِ شام
(c) اہلِ یمن
(d) اہلِ مصر

10- کثیر کا متضاد ہے:

(a) قلیل ✓
(b) نفاق
(c) اکثریت
(d) تاخیر

11- اثمار کا واحد ہے:

(a) ثابت
(b) امر
(c) ثمر ✓
(d) اکبر

12- کرنیلوں کو رہائش کے لیے بنگلے ملتے ہیں:

(a) اے کلاس
(b) بی کلاس
(c) سی کلاس ✓
(d) ڈی کلاس

13- نظم "نعت" کے شاعر نے باتیں سنیں:

(a) فاختہ اور طوطی کی
(b) فاختہ اور بلبل کی
(c) کوئل اور بلبل کی
(d) طوطی اور بلبل کی ✓

14- مرزا فرحت اللہ بیگ ابتدا میں قلمی نام سے لکھتے رہے:

(a) کولمبس
(b) مرزا الم نشرح ✓
(c) ابنِ انشا
(d) سندباد حجازی

15- حیدر علی آتش نے شاعری میں شاگردی اختیار کی:

(a) میر تقی میر
(b) ولی
(c) مصحفی ✓
(d) غالب